اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی / اُنیسواں اجلاس (پانچویں نشست)

بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز جمعرات مورخہ 16/اپریل 2026ء بمطابق 27 شوال المکرّم ۱۴۴۷ھ۔

نمبر شمار	مندرجات	صفحہ نمبر
1	تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔	03
2	دُعائے مغفرت۔	04
3	وقفہ سوالات۔	11
4	سرکاری کارروائی زیر قاعدہ نمبر 24۔	24
5	ایوان کی کارروائی۔	32
6	توجہ دلاؤ نوٹس۔	42

جلد 19 ☆☆☆ شمارہ 5

ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔۔۔۔کیپٹن (ر) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب خالد احمد قمبرانی

☆☆☆

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز جمعرات مورخہ 16/اپریل 2026ء بمطابق 27 شوال المکرّم ۱۴۴۷ھ۔

بوقت سہ پہر 4:15 منٹ پر زیرصدارت کیپٹن (ر) جناب عبدالخالق خان اچکزئی، اسپیکر،

بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

جناب اسپیکر: کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ **از** حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

وَلِلّٰہِ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ط وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ
وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّیۡلِ وَ النَّہَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۰﴾ لا ج الَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰہَ
قِیٰمًا وَّ قُعُوۡدًا وَّعَلٰی جُنُوۡبِہِمۡ وَیَتَفَکَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ج
رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ ہٰذَا بَاطِلًا ج سُبۡحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾

پارہ نمبر ۴ سُوۡرَۃُ آل عمران آیات نمبر ۱۸۹ تا ۱۹۱

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لئے ہے سلطنت آسمان اور زمین کی اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ بیشک آسمان اور زمین کا بنانا اور رات اور دن کا آنا جانا اِس میں نشانیاں ہیں عقل والوں کو۔ وہ جو یاد کرتے ہیں اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر لیٹے اور فکر کرتے ہیں آسمان اور زمین کی پیدائش میں کہتے ہیں اے رب ہمارے تُو نے یہ عبث نہیں بنایا تُو پاک ہے سب عیبوں سے سو ہم کو بچا دوزخ کے عذاب سے۔ صدق اللہُ العظیم۔

☆☆☆

جناب اسپیکر: جزاک اللہ۔ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جی۔

پرنس احمد عمر احمدزئی (پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی): جناب اسپیکر! ایک فاتحہ خوانی کروانی ہے۔کل پھر ایک نوجوان حزب اللہ ساسولی کو قتل کیا ہے۔food rider تھا 18 سال عمر ہے۔ یہ افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ آج تیسری فاتحہ میں اس اسمبلی میں کروار ہا ہوں ۔اور سریاب میرے حلقہ کا واقعہ ہے ۔ ایک تو مَیں سی ایم صاحب سے اس پر request کروں گا کہ اس کا تعلق انتہائی غریب گھرانے سے تھا۔ یہ food rider تھا۔ تو اُس کو چوروں نے شہید کیا ہے۔اُس کی فیملی کے لئے اگر کچھ اعلان کریں۔تو اس کے لئے I will be grateful to CM Sahib

جناب اسپیکر: thank you جی میڈم۔

محترمہ ہادیہ نواز (پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ بہبود آبادی): جناب اسپیکر صاحب! ہمارے جعفر آباد کے نوجوان فرمان بشیر احمد پولیس کانسٹیبل جو on-duty پولیو ٹیم کے ساتھ تھے ڈیرہ مراد جمالی میں اُن کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا ہے۔مَیں اس واقعہ کی پُر زور مذمت کرتی ہوں اور اُس کے لئے فاتحہ خوانی کروائی جائے۔ thank you

جناب اسپیکر: thank you۔جی خیر جان بلوچ۔

جناب خیر جان بلوچ: جناب اسپیکر صاحب! شہید محمد عثمان خان کاکڑ کی والدہ ماجدہ وفات پا گئی ہیں ۔مرحومہ ہمارے رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ صاحب کی دادی تھیں۔ان کے لیے فاتحہ کروائی جائے۔مہربانی ہوگی۔

جناب اسپیکر: جی ولی محمد صاحب! آپ کچھ کہنا چاہ رہے ہیں؟ اچھا۔مولوی صاحب! فاتحہ خوانی کریں۔

(فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب اسپیکر: اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ۔

پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی: جناب اسپیکر صاحب! سعید مندوخیل ہمارے سابقہ سینیٹر صاحب آئے ہوئے ہیں ہم اُن کو welcome کہتے ہیں۔

جناب اسپیکر: سعید مندوخیل صاحب کو welcome کہتے ہیں۔جی

میر یونس عزیز زہری (قائد حزب اختلاف): جناب اسپیکر صاحب! دو منٹ کیلئے اگر آپ ٹائم دے دیں۔

جناب اسپیکر: جی۔

جناب قائد حزب اختلاف: جناب اسپیکر! ایک اہم مسئلے پر آپ کی توجہ چاہوں گا۔ اسپیکر صاحب! ہمارے چیئرمینوں کے offices کا جو مسئلہ ہے اور ہمارے چیمبر کا مسئلہ ہے جیسے میرا چیمبر ہے۔ اور ہمارے چیئرمینوں

کے offices کا مسئلہ ہے۔کافی ٹائم سے میں نے کئی بار آپ سے بھی request کی ہے سی ایم صاحب سے بھی request کی ہے کہ ہمارے چیئرمینوں کی جو مشکلات ہیں ان کو مہربانی کر کے حل کر دیں۔کیونکہ میرا ایک چیمبر ہے ہمارے اپوزیشن کا۔اور ہمارے دوست جو سب آتے ہیں اور دوستوں کے مہمان بھی آتے ہیں ہم خود شرمندہ ہوتے ہیں کہ ہم اُن کو کہاں بٹھائیں۔ہم خود کوشش کرتے ہیں کہ اپنے ایک دوسرے کو request کرتے ہیں کہ بھائی آپ ذرا باہر جائیں گے دوسرے کو ٹائم دے دیدیں گے۔کیونکہ یہ مسئلہ کافی ٹائم سے حل طلب ہے لیکن حل نہیں ہو رہا ہے۔ offices تیار ہیں اگر اُن میں کوئی چھوٹا موٹا کام ہے تو آج تک ہمارے دوستوں کو یہ الاٹ نہیں کیا ہے۔ہم نے کئی بار آپ سے request کی تھی اور کل پرسوں کے اجلاس میں ہم نے اس پر ٹوکن بائیکاٹ بھی کیا تھا۔تا کہ ہماری بات سنی جائے۔مہربانی کر کے اس پر ہمیں ذرا تسلی بخش جواب دے دیں کہ آیا offices ہیں تو ٹھیک ہے۔اگر نہیں ہیں پھر ہم اُن کے لئے کوئی متبادل راستہ ڈھونڈ لیتے ہیں اگر ہمیں کرایہ کا لینا پڑا کہیں جا کر ہم بیٹھ جائیں گے یا کوشش کریں گے کہ کوئی ٹینٹ لگا کر اپنا گزارا کریں گے۔اس پر ہمیں کوئی خاطر خواہ جواب دے دیں کہ آیا وہ offices چیئرمینوں کے لئے بنے ہیں اُن کو الاٹ ہوں گے یا نہیں اس کی پوزیشن کیا ہے؟ اس پر ہمیں کوئی تسلی بخش جواب دے دیں۔تا کہ اس پر ہم آئندہ کے لئے اپنا لائحہ عمل طے کر سکیں۔شکریہ

جناب اسپیکر: ok thank you اَعُوذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔تمام معزز اراکین اسمبلی کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 7 اپریل اور 13 اپریل 2026ء کی اسمبلی نشستوں میں chiar کی جانب سے یعنی rulings بابت کوئٹہ شہر میں گیس کی لوڈ شیڈنگ کے بارے میں جی ایم سوئی سدرن گیس کمپنی بلوچستان، بلوچستان میں شراب خانوں کے لائسنس جاری کرنے کی بابت محکمہ ایکسائز اور بلوچستان میں درسی کتب کی عدم فراہمی کی بابت محکمہ تعلیم کی جانب سے مفصل رپورٹس موصول ہوئی ہیں جو محرکین کے سامنے رکھ دی گئی ہیں۔ اس سے پہلے کہ میں session start کروں۔یونس عزیز زہری صاحب آپ نے جو پوائنٹ اٹھایا ہے میں Honorable Chif Minister ،Honorable Leader of the House سے گزارش کروں گا کہ وہ اس پر اگر ہم سب ہاؤس کو بتا دیں کہ ان کا یہ issue کیسے address ہو سکتا ہے اسمبلی کے بارے میں کیا decision ہے آپ کا، گرانا ہے نہیں گرانا ہے یا پھر renovate کرتے ہیں جو بھی آپ ہمیں بتا دیں تا کہ سارے ہاؤس کی تسلی بھی ہو جائے اور اپوزیشن کو kindly address کریں۔

میر سرفراز احمد بگٹی (جناب قائد ایوان): شکریہ جناب اسپیکر! before I start I would like to welcome very seasoned politician honorable Ex-Senator مندوخیل صاحب!

in our House and this is a great honor for us to having him and Rozi khan kakar Sahib is also sitting here he is also Ex-Senator (ڈیسک بجائے گئے) اس کے بعد جی میں آنریبل اپوزیشن لیڈر نے جس پوائنٹ کی طرف نشاندہی کی ہے اس پر جو ہمارا نیا بلاک بنا تھا کیونکہ اس دن جو ٹوکن واک آؤٹ ہوا تھا پھر ہم نے اس پر probe کرنے کی کوشش کی کہ what is the reason تو اس میں آنریبل اسپیکر کا آپ کو پتہ ہے کہ آپ کی چیئرمین شپ میں چھوٹی سی میٹنگ ہو چکی ہے۔ میں اپوزیشن کے دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ وہ ابھی تک بلڈنگ اسمبلی کو handover نہیں ہوئی ہے from سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کے اس میں کچھ issues رہ گئے ہیں کچھ missing facilities ہیں for that آج ہم نے decide کیا ہے کہ monday کو میں اور Honrable Minister for C&W اور لیڈر آف دی اپوزیشن اور اسپیکر صاحب! ہم ایک آخری request کریں لیڈر آف دی اپوزیشن سے کہ join کریں اور آپ سے کہ ہم monday کو اس پر سی ایم ہاؤس میں ایک میٹنگ کریں گے اور اس کا permanent حل نکالیں گے اگر یہ 19-20 کروڑ روپے کا سوال ہے تو we will not wait for the next year budget ہم اسی سال انشاء اللہ کہیں سے کوئی savings کر کے اس کو فوراً complete کر کے آپ کے handover کریں گے and then it is your decision کہ آپ کس طرح چیمبر distribute کرتے ہیں اور کیا کرتے ہیں۔ دوسری اہم بات ہمیشہ سے اس اسمبلی کی بلڈنگ کی رہی ہے، جناب اسپیکر! دو طریقے ہوتے ہیں کام کرنے کے۔ ایک تو یہ ہے کہ we are the government, we are in majority, it is us to decide کہ کس طریقے سے نئی بلڈنگ بنانی ہے کہاں بنانی ہے کیسے بنانی ہے۔ اس کے لئے پھر شروع میں جب debete ہوئی تو اس debate کے نتیجے میں ہم نے request کی تھی کہ ایک وہ بن جائے ٹیکنیکل اسکیم وہ کرالیں feasibility کرالیں تو دو چیزوں کے لئے ہم نے کہا تھا۔ ایک یہ کہ آیا اس بلڈنگ کی life کتنی ہے؟ تو life تو اس بلڈنگ اگلے بیس تیس سال تک موجود ہے اس میں کوئی دو رائے نہیں ہے کہ اگلے بیس سال تک اللہ نہ کرے کوئی نیچرل ڈیزاسٹر ہو لیکن یہ ہے کہ یہ بلڈنگ تو رہے گی۔ دوسری جو اس میں چیز کرنی تھی وہ یہ کہ کنسلٹنٹ سے ہم نے یہ کہنا تھا کہ آیا ہم اس میں کوئی extensions کر سکتے ہیں what is the issue actualy problem کیا ہے۔ problem جناب اسپیکر! یہ ہے کہ آج نہیں میں بار بار کہتا ہوں یہ بڑی شرم کی بات ہے کہ پورے پاکستانی میڈیا کے توسط سے سن رہا ہوگا کہ اگر میں اپنے چیمبر میں بیٹھا ہوں اور ایک honorable colleague مجھ سے اکیلے میں بات کرنا چاہتا ہے باقی colleagues کے سامنے نہیں کرنا چاہتا تو میرے پاس side room نہیں ہے

I have to take him to the bathroom کہ وہاں جاکے میں اس سے بات کروں۔ یہی حال اپوزیشن لیڈر کے چیمبر کا ہے، یہی حال آپ کے چیمبر کا ہے کہ آپ کا جو side room ہے جس میں آپ نے کانفرنس کرنی ہے میٹنگ کرنی ہے اگر چار MPAs آجائیں تو پانچویں کی جگہ نہیں ہے۔اب حالانکہ آپ کے پاس اتنے اچھے پکوڑے ملتے ہیں ہمارا دل کرتا ہے آپ کے پاس آکے بیٹھیں وہاں لیکن آپکے پاس جگہ ہی نہیں ہے۔اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے now we have two options one is کہ ہم اس کو گرائیں فیڈرل گورنمنٹ نے پیسے دیئے ہیں اعتراض یہ تھا کہ پراونشل گورنمنٹ پیسے دیگی اور یہ ہوگا وہ ہوگا luxury ہوگی فیڈرل گورنمنٹ سے ہم نے request کی انہوں نے ہمیں پیسے دیئے اس پر کہ آپ اپنی نئی بلڈنگ بنالیں سندھ اسمبلی نے بنالی پنجاب اسمبلی نے بنالی KP اسمبلی نے بنالی ہم رہ گئے ہیں ہم نے اس کو بنایا ہوا ہے کہ جی ہمارے لئے کوئی گرجا گھر ہے جس کو گرا کے پتہ نہیں کیا ہوجائے گا۔anyhow اب دو طریقے تھے ایک یہ تھا کہ میں assert کرلیتا اس assert کرنے میں جو ایک چیز میرے سامنے آرہی ہے اور میرے بہت سارے دوست ظاہر ہے سامنے نہیں کہتے لیکن پیٹھ پیچھے باتیں پہنچ جاتی ہیں اور بلوچستان کے کلچر میں تو ایک سیکنڈ بھی بات نہیں رکتی اگلے پانچ سیکنڈ میں آجاتی ہے ایک عجیب سی منطق بھی مجھے سننے میں ملی کہ کیونکہ نواب اکبر بگٹی صاحب نے اس کی inauguration کی تھی تو foundation تو کسی اور نے رکھی ہے لیکن شاید inauguration انہوں نے کی۔تو میری ان کے ساتھ کوئی personal enmity یا پولیٹیکل differences چھوڑیں جی رہنے دیں وہ بہت بڑے آدمی تھے ان کا نام ونشان اس بلڈنگ سے تو بہت بڑا ہے۔تو میری کوئی ذاتی رنجش تھوڑی ہے کہ میں اس بنیاد پر اس کو ختم کرنا چاہتا ہوں نہیں بھئی رہے سو فیصد رہے میرا کوئی تعلق نہیں ہے اس سے اور نہ میں اتنا چھوٹا ہوگیا ہوں اتنا نیچے گرگیا ہوں کہ ایک اسمبلی سے کسی کا نام میرے سے ختم ہوگا اور نہیں ہوسکے گا جو ان کا نام ہے political history میں وہ رہے گا اچھا ہے کچھ لوگ اچھا کہیں گے کوئی برا کہیں گے اس طرح میرے بارے میں اسی طرح آپ کے بارے میں ان بلڈنگوں سے نام نہیں رہتے یہ کردار اور character سے رہتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ ان کا جو character تھا وہ positive اور negative دونوں side پر اپنے peak پر رہا ہے اور اپنے peak پر رہے گا اس کو ہم change نہیں کرسکتے۔لہٰذا میرا کوئی ایسا intention نہیں ہے اگر کسی دوست کا یہ intention ہے۔اب ہم نے ایک دفعہ پھر ہاؤس کا sense جو تھا۔ آنریبل اسپیکر! ہاؤس کا جو sense تھا initially تو یہی sense تھا کہ اس کو ختم کیا جائے۔لیکن اب تو مجھے آکے معلوم ہوتا ہے کہ جی دوست چاہتے ہوں نہ ہوں یہ تو آپ ہاؤس کا sense لے لیں۔آپ اس پر ووٹنگ کرالیں ہر ایک کو letter بھیج دیں کہ جی آپ اپنی opinion دے دیں اگر ہاؤس کا sense یہ بنتا ہے کہ اس کو

change کرنا ہے گرانا ہے تو گرا دیتے ہیں نیا بنا دیتے ہیں۔ ہاؤس کا sense بنتا ہے کہ نہیں اسی پر گزارا کرنا ہے 1981ء یا 70s کا کارپٹ ہے کب کی ہے حضور 70s کی ہے۔

جناب اسپیکر: 1987ء

جناب قائد ایوان: 1987ء؟

جناب اسپیکر: جی ہاں۔

جناب قائد ایوان: 1987ء یہ خود ایک بیماری ہے اگر یہ کارپٹ آپ کو پسند ہے تو پڑا رہے یہ mic system جن کو ہاتھ لگاؤ تو ڈر لگتا ہے کہ کرنٹ لگے گا۔ چیمبرز کا حال میں نے آپ کو بتا دیا ہاں ایک solution اور ہے جو یہ ممبرز یہ چاہتے ہیں کہ یہ نہ ٹوٹے انکی سہولت کے لئے مجھے سات دن کا اور ٹائم دے دیں میں نے architect کو بلالیا ہے وہ ہمیں اسی کے اندر سے اگر وہ ہمیں کر کے دے سکتا اسپیکر چیمبر بڑا کر سکتا ہے لیڈر آف دی اپوزیشن کا چیمبر نیچے کونے میں پڑا ہوا ہے اوپر ہال میں آجائے۔ لیڈیز چیمبر ہے اس کے بعد میرا چیمبر ہے یہ چار چیمبرز ہیں جو یہاں بہت ضروری ہیں۔ پھر آپ کے جو منسٹریل چیمبرز پھر منسٹر کو sacrifice کرنا پڑے گا کہ وہ کہیں گے کہ جی ہم کدھر جائیں تو اس کا solution اگر نکل آئے اس architect سے تو good enough۔ نہیں نکلتا تو ہمارے پاس پیسے پڑے ہوئے ہیں ہم اس کو گراتے ہیں اس کی جگہ پر نئی بلڈنگ بنا لیتے ہیں میں نے فائنل یہ فیصلہ کیا ہے کہ I will not take the decision alone let the House decide آپ سب کو privatley پر چی بھیجیں وہ پر چی لکھ کر بھیجیں سات دن کے بعد کہ پہلے وہ آکر بتا دیں وہ option بھی ان کو دے دیں کہ جی یہ یہ بلڈنگز پر compromise کرنا پڑیگا منسٹر صاحبان کو کہاں جانا پڑے گا I dont know وہ تو ظاہر ہے جب یہ چیمبرز بڑے ہو جائیں گے۔ ہاں جو بھی کر لیں اس پر چی کی رپورٹ تو سب کے سامنے آئے گی وہ مرضی اسپیکر صاحب! کی ہاؤس کا sense لے لیں آج لینا چاہتے ہیں آج لے لیں بعد میں لینا چاہتے ہیں بعد میں لیں میرا ذاتی کوئی interest نہیں ہے اس میں میں یہ چاہتا ہوں کہ بلوچستان کی تاریخ میں آپکی یہ اسمبلی آپ جو ہیں this is the lead institute of the this province, this is the supreme institute of this province اگر اس کو یہاں ایسی ہی رہنے دینا ہے it is your choice آپ اپنی choice بتا دیں بجائے اسکے پیٹھ پیچھے بات کرنے تو سامنے سامنے ترین صاحب والی بات ہے، بات کر لیں توڑنا چاہتے ہیں توڑ دیں سات دن انتظار کر لیں۔ architect آجائیں وہ اپنا دیدیں وہ اپنا plan بھی آپ کو کہ وہ کیا plan کر سکتا ہے۔ نہیں تو پھر گزارا کریں یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس بھی چودہ بندوں سے زیادہ کی سیٹ نہیں ہے ہمارا بھی یہی حال ہے آپ کے

چیمبر کا بھی بہت برا حال ہے ڈپٹی اسپیکر صاحبہ بیٹھی ہوئی ہیں انکے چیمبر کا بھی یہی حال ہے بلکہ سب سے بہتر چیمبر مجھے ڈپٹی اسپیکر صاحبہ کا لگتا ہے کہ انکے پاس atleast لیڈیز چیمبر کا بھی وہی حال ہے تو وہاں لابی نہیں ہے there is no lobby کہ جہاں آنریبل ممبرز باہر جاکے some one wants to smoke زاہد ریکی صاحب chain smoker ہیں ان کا smoking کرنے کو دل کریں کہاں جائیں؟ کہاں smoking کریں اسمبلی میں تو نہیں کرسکتے ابھی پھر باہر جانا پڑے گا premises سے تو atlest کوئی لابی ہونی چاہیے وہاں کوئی کافی ہونی چاہیے کوئی وہ ہونا چاہیے۔ تو یہ ساری چیزیں دنیا کی نئی parliaments میں موجود ہیں پاکستان کی دنیا کو چھوڑیں پاکستان کی تمام parliaments میں یہ facilitatiies ہیں تو it is your choice آپ ہاؤس کا sense لے لیں۔ میں اکیلے یہ فیصلہ نہیں کرنا چاہتا ہوں ویسے حکومت کے سارے ممبرز ہم اس میں حکومت کا فیصلہ ہے ہمارے پاس PSDP میں موجود ہے یہ اسمبلی پاس کرچکی ہے نئی بلڈنگ لیکن despite all this we want consensus in every thing وہ چاہے مائنز اینڈ منرل ہو چاہے بلوچستان کا NFC ہو ہم نے ہر جگہ پر ہم چاہتے ہیں کہ اپوزیشن اور حکومت سب کا consensus ہو۔ آپ آج ہال کا sense لینا چاہتے ہیں آج لے لیں آپ سات دن wait کر کے architect کی رپورٹ میں آپ کو دے دوں گا آپ ممبرز کے ساتھ share کرلیں۔ وہ کرلیں کیونکہ architect نے ایک رپورٹ تو دے دی کہ یہ بلڈنگ رہ سکتی ہے اگلے بیس سال extension ہوسکتی ہے نہیں ہوسکتی ہے کیا ہم تھوڑ پھوڑ کرسکتے ہیں یا نہیں کرسکتے ہیں وہ ہمیں بتا دیں تو پھر منسٹر صاحبان چیمبرز سے محروم ہو جائیں گے اور باقی آپ کا میرا لیڈیز کا چیمبر اور اپوزیشن کا چیمبر بڑا بہترین بن سکتا ہے اور باقی دیکھ لیں سندھ، پنجاب کے ماڈلز دیکھ لیں باقی ماڈلز دیکھ لیں جو فیصلہ آپ لوگ کریں مجھے تو collective wisdom چاہیے۔

جناب اسپیکر: ٹھیک ہو گیا ہے۔

جناب قائد ایوان: میں اپنے لئے ایک controversy ویسے میں ایک controversial آدمی ہوں اتنی ساری controversies روز میرے بارے میں کہی جاتی ہیں ایک اور میں اپنے کھاتے میں ڈالوں، میں نہیں ڈال سکتا ہوں let take the sense of the House کہ جو ہاؤس فیصلہ کرے ہم وہی کریں گے۔

جناب اسپیکر: Honorable Chief Minister Sahib میری گزارش یہ ہوگی کہ جس طرح آپ نے کہا ہے کہ دو ہفتے کا ٹائم ہے آپ architect کو بلائیں گے ایک ہفتہ میں آپ architect کو بلائیں گے وہ سروے کرے گا کہ آیا ہمارے پاس اس کو extended کرنے کے بعد space ہوگی یا نہیں یہ ساری چیزیں

accommodate ہوسکتی ہیں یا نہیں۔ اور monday کو پھر آپ نے ایک میٹنگ بھی call کی ہے جس میں آپ نے سب کے نام لے کے جو آپ کے ساتھ انشاء اللہ اس میٹنگ میں ہم participate کریں گے۔ تو ایک ہفتہ تک انتظار کر لیتے ہیں اگر وہ آ کے سروے کر لیں اگر یہ ساری چیزیں ہوسکتی ہیں وہ بھی رپورٹ آپکے سامنے آجائے گی نہیں تو جب نہیں ہوگی تو میرے خیال میں کسی کے پاس بھی گنجائش نہیں ہے کہ وہ اس کو refuse کریں گے۔ ایک منٹ جی علی مدد جتک صاحب! آپ کیا کہنا چاہتے ہیں؟

حاجی علی مدد جتک (صوبائی وزیر): جناب اسپیکر! ہمیں دو سال ہونے کو جا رہے ہیں بلکہ دو تین مہینے اُوپر، ٹھیک ہے۔ ہم چھوٹے لوگ آگے کیا بولتے ہیں پیچھے کیا بولتے ہیں آپ پنجاب کی اسمبلی، سندھ کی اسمبلی اور KPK کی اسمبلی کو دیکھیں! اور ہماری اسمبلی کو دیکھیں! ہمارے پاس پیسے بھی آچکے ہیں ہم، وہ کیا بولتے ہیں کہ شہد کی نہریں بہائیں بھی لوگ اپنی سیاست کریں گے اکثریت یہ کہتی ہے کہ اِس کو گرا کر ہم نے اچھی نئی مہمانوں کے لئے گیلری بنائیں آپ کا چیمبر اچھا بنائیں سی ایم صاحب کا۔ ہم لوگوں کا یہ کیا ہے پیسے بھی پڑے ہوئے ہیں لوگ تو مخالفت کریں گے۔ مَیں آج اسمبلی کے فلور پر کہنا چاہتا ہوں کہ اِس کو گرا کر نئی اسمبلی بنائی جائے جب باہر سے لوگ آتے ہیں مہمان آتے ہیں وہ بھی دیکھ لیں کہ بلوچستان کی اسمبلی بھی خوبصورت اسمبلی ہے اِس کو 50 سال ہو چکے ہیں وہی کرسیاں ہیں dialy محمد خان لہڑی کی کرسی ٹوٹ جاتی ہے کسی اور کی کرسی کبھی مائیک بند ہو جاتا ہے جناب اسپیکر! ہمارے پاس پیسے آئے ہوئے ہیں ہم اِس پر کام شروع کریں۔ ایسی کمپنی کو دیں جو کہ ایک سال میں میرے خیال میں سی ایم صاحب سے بات بھی کی ہے ایک سال میں ہمیں بنا کر دیں گے جس میں ہم بیٹھ جائیں گے ہم انتظار کرتے دوست لوگ پیچھے اور بولتے ہیں آگے اور بولتے ہیں ہم تو اسمبلی کے فلور پر بولنا چاہتا ہوں کہ بھائی اِس کو نیا کریں یہ کس کی نشانی ہے کس کی نہیں ہے۔

جناب اسپیکر: good point ٹھیک ہے۔ نہیں حالت تو خستہ ہے اِس میں کوئی شک نہیں ہے۔ جی اسد بلوچ صاحب۔ سر! یہ debate نہیں کروانی ہے بس مختصراً تین منٹ آپ کے پاس ہیں۔

میر اسد اللہ بلوچ: جناب اسپیکر صاحب! دیکھیں جس ٹائم یہ بلڈنگ بنائی گئی اُس ٹائم کافی قد آور لوگوں نے اِس کو ڈیزائن کیا تھا architect آئے ہوئے تھے۔ اُس زمانے میں غوث بخش بزنجو تھے، سردار عطاء اللہ مینگل تھے نواب خیر بخش تھے نواب اکبر خان بگٹی تھے گل خان نصیر تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک بلڈنگ کا تعلق ہے یہ بلڈنگ اُس وقت خوبصورت ہوتی ہے اِس میں اچھے فیصلے ہوں۔ 2 کروڑ 20 لاکھ عوام کے لیے اچھے فیصلے ہوں۔ وہی خوبصورتی ہے ہم جتنی اِدھر بڑی بلڈنگ بنائیں اُس کے فیصلے بلوچستان کے حق میں اگر نہ ہوں اُس کرسی اُس بلڈنگ کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ یہاں ہر ایک بندے کا اپنا موقف ہے BNP عوامی کا موقف یہی ہے کہ یہ بلڈنگ رہے NESPAK کی

رپورٹ یہی ہے کہ 50 سال یہ برقرار رہے گی اِس میں ہماری ثقافت ہمارے رسم ورواج ہماری تاریخ موجود ہے اِس کو بچائیں اور ابھی اگر آپ ایک ارب روپے چائنیز گورنمنٹ کے ساتھ یا کسی فورم کے ساتھ بات کریں اِس کو اِتنی خوبصورت بنائیں گے کہ بلوچستان میں یہ خوبصورت ہی ہوگی لیکن پورے پاکستان سے بہتر ہوگی یہ۔ میرا موقف یہی ہے کہ یہ رہے اور جگہ بہت ہے اگر چیمبر کی ضرورت ہے۔ یہاں جو گاڑیاں کھڑی ہیں ایک نیا بنائیں آپ کے لیے لائبریری کو یہاں شفٹ کریں یہ بہت بڑی جگہ ہے آپ اِدھر ہی آجائیں دل بڑا کریں اِس کو رہنے دیں اور اِس کی اگر اِتنی ضرورت ہے بلوچستان کو اِس کے گرانے کے علاوہ کوئی ضرورت نہیں ہے پیسے کی۔

جناب اسپیکر: ٹھیک ہو گیا۔

میر اسد اللہ بلوچ: کینسر کے patients کو دے دیں سو اسٹوڈنٹس باہر PHD کے لیے بھیج دیں یہ پیسے اُدھر لگائیں جہاں ضرورت ہے اِس بلڈنگ کے پیچھے کیوں پڑے ہوئے ہیں۔

جناب اسپیکر: ٹھیک ہے وہ پیسے فیڈرل گورنمنٹ نے دیئے ہیں۔ اور وہ اِسی کام کے لیے دیئے ہیں صوبے کا پیسہ نہیں ہے اُس کے اندر۔ anyway, ok آپ تشریف رکھیں پلیز۔

جناب اسپیکر: وقفہ سوالات۔

میر زابد علی ریکی صاحب! آپ اپنا سوال۔ ایجنڈے کے بعد میر زابد علی ریکی صاحب! آپ اپنا سوال 331 دریافت فرمائیں۔ Sir after agenda ایجنڈے کے بعد۔ ایجنڈا چلنے دیں۔ سر! میری گزارش یہ ہے کہ سُنیں سر۔ مَیں آپ کو ٹائم دے دیتا ہوں تو مولوی صاحب کو کیوں ناں ٹائم دوں۔ سر! ایجنڈے کے اُوپر چلنے دیں۔ میر زابد علی ریکی صاحب! question آپ کے اپوزیشن کے ہیں۔ سر! یہ عوامی question آپ کے عوامی آپ کی اپوزیشن کے ہیں۔ مولوی صاحب! تشریف رکھیں آپ کو ٹائم دوں گا۔ سر! مَیں آپ کو ٹائم دوں گا۔ میر زابد علی ریکی صاحب! آپ اپنا سوال 331 دریافت فرمائیں۔ میر زابد علی ریکی صاحب۔ میر زابد علی ریکی صاحب۔ مولوی صاحب! تشریف رکھیں آپ کو ٹائم دوں گا۔ آپ پڑھیں آپ کو ٹائم دیں گے بولنے کا۔ تو آپ نے CM کو سُنانی ہیں ساری چیزیں۔ تو آپ چلے جائیں بیٹھک cabinet meeting میں چلے جائیں آتے ہیں وہاں سب۔ مولوی صاحب! میرے سامنے ایجنڈا پڑا ہوا ہے۔

میر زابد علی ریکی: جناب اسپیکر صاحب! بات یہ ہے کہ مولوی ہدایت الرحمٰن کا ایک پوائنٹ صحیح ہے۔ جب چیف منسٹر صاحب چلے جاتے ہیں باقی ہمارے وزراء بھی چلے جاتے ہیں۔

جناب اسپیکر: سرُ! یہ ہاؤس decide کرے کہ ایجنڈے کے اُوپر چلنا ہے یا پھر point of orders کو

موقع دینا ہے۔ جو چاہتے ہیں کہ ایجنڈے پر چلنا چاہیے آپ بتائیں کہ کیا کرنا چاہیے (اِس موقع پر بیک وقت کئی معزز ممبرز بغیر مائیک کے بولتے رہے) please,order in the House آپ تشریف رکھیں مولوی صاحب۔ میر زابد علی ریکی صاحب! آپ اپنا سوال 331 دریافت فرمائیں۔ ٹھیک ہے آئیں گے آپ کو موقع دیں گے رپورٹ آئی ہے آپ رپورٹ پڑھیں۔ آپ رپورٹ پڑھیں پھر آپ کو موقع دیں گے۔ جی زابد علی ریکی صاحب! آپ غیر پارلیمانی الفاظ استعمال کر رہے ہیں۔ اگر آپ یہ رویہ رکھیں گے تو پھر آپ کے ساتھ مَیں قانون کے مطابق deal کروں گا آپ کے ساتھ قانون کے مطابق کارروائی کروں گا۔ وہ آپ کو پسند نہیں آئے گا پھر۔ نہیں ہوگا، نہیں ہوگا آپ نہیں بولیں گے، نہیں بولیں گے۔ مَیں پابند ہوں ایجنڈے پر بولوں گا قانون کے مطابق۔ آپ لوگ کیوں نہیں بول رہے ہیں بتائیں کہ کیا کرنا ہے ایجنڈے پر چلنا ہے یا کیا کرنا ہے۔ جو چاہتے ہیں ایجنڈے پر ہو اپنی سیٹوں پر کھڑے ہو جائیں تاکہ ایجنڈے پر کام چلے۔ تشریف رکھیں۔ میر زابد علی ریکی صاحب! آپ اپنا سوال 331 دریافت فرمائیں۔ زابد علی ریکی صاحب پلیز۔

میر زابد علی ریکی: جناب اسپیکر صاحب! question بھی ہے۔ بالکل صحیح ہے ایجنڈے کے مطابق چل رہے ہیں ہمیں اعتراض نہیں ہے۔ مگر جناب اسپیکر صاحب! جیسا مولوی صاحب نے کہا کہ جب چیف منسٹر صاحب پورے بلوچستان کے چیف منسٹر ہیں بے شک اُن کے کام بہت ہیں مصروفیات زیادہ ہیں وہ چلے جاتے ہیں مگر باقی منسٹرز کم از کم گورنمنٹ کے cabinet بیٹھے آخر تک اسمبلی چلتی جائے گی کون سا ممبر بات کر رہا ہے اُس کی بات سُنیں شاید ہو سکتا ہے کوئی منسٹر اپوزیشن کا جواب دے۔ ہم یہی کہتے ہیں۔

جناب اسپیکر: ok ٹھیک ہے۔ آپ question کے اُوپر آجائیں۔

میر زابد علی ریکی: question No, 331

☆331 میر زابد علی ریکی، رُکن اسمبلی: <u>نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 02 اکتوبر 2025ء۔</u>

کیا وزیر بہبود آبادی از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 26-2025ء کے بجٹ میں حکومت نے ضلع واشک میں محکمہ بہبود آبادی کیلئے کل کتنی ترقیاتی اسکیمات کی منظوری دی ہے۔ ہر اسکیم کا نام، لاگت اور پی ایس ڈی پی نمبر کی تفصیل دی جائے۔ نیز یہ بھی بتلایا جائے کہ صوبہ کے ہر ضلع کیلئے کل کتنی ترقیاتی اسکیمات کی منظوری دی گئی ہے تمام اضلاع کی ضلعوار مکمل تفصیل بھی دی جائے؟

وزیر بہبود آبادی: جواب موصول ہونے کی تاریخ 08 دسمبر 2025ء۔

محکمہ بہبود آبادی کا بنیادی کام خاندانی منصوبہ بندی کی سہولیات فراہم کرنا ہے سال 26-2025ء کے بجٹ میں

بلوچستان کے کسی بھی ضلع بشمول ضلع واشک میں کوئی بھی ترقیاتی اسکیم منظور نہیں ہوئی ہے البتہ 2017ء سے محکمہ بہبود آبادی کی ایک اسکیم منظور ہوئی تھی جس کی کا پی ایس ڈی پی نمبر 20170132Z جس کی کل لاگت 875.000 ملین ہے اسکیم امسال 26-2025ء میں عارضی طور پر بند کردی گئی تاہم حال ہی میں دوبارہ فعال (Uncapped) کردی گئی ہے لیکن 875 million کی بجائے 150 ملین بحال (Uncapped) کیا ہے جو کہ پورے سال اور پورے صوبے کے لئے ہے۔

سولائزیزیشن: تولیدی مرکز صحت (RHS-A) ضلعی دفتر اور فلاحی مراکز کیلئے 170.41 ملین مختص کئے گئے ہیں جس میں سے 25.500 ملین پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے انرجی ڈیپاٹمنٹ کو جاری کئے ہیں تاکہ سولرائزیشن کا کام جلدی ہوسکے۔

جناب اسپیکر: جی کس کے لیے؟

میر یونس عزیز زہری (قائد حزب اختلاف): جناب رحمت نے واک آؤٹ کیا ہے اُن کو لے کر آئیں۔

جناب اسپیکر: یونس عزیز زہری صاحب۔

میر زابد علی ریکی: جناب اسپیکر صاحب! سرکار سے بھجوادیں اپوزیشن کو چھوڑیں سر۔

جناب اسپیکر: ٹھیک ہے اپنا علی مددجتک اور یہ زرک مندوخیل صاحب اور عبید گورگیج صاحب، آپ چلے جائیں اور اُن کو بلائیں۔ جی minister for محکمہ بہبود آبادی۔ پرنس آغا عمر صاحب۔ آپ بولیں جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

آغا عمر احمدزئی (پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی): جی ہاں نہیں اگر پڑھ لیں تو بہتر رہے گا۔

جناب اسپیکر: جی next چلیں۔ آغا صاحب! آپ کو کھڑے ہونا ہے اور آپ نے اِن سے کہنا ہے کہ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔ تو پھر یہ آگے چلیں گے۔

پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی: جی پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

میر زابد علی ریکی: اگر پرنس صاحب! کوئی بیشی ہے مَیں اُن کا استاد بنتا ہوں شاگرد کو سمجھا دیتا ہوں۔

جناب اسپیکر: ہم سب آپ سے سیکھ رہے ہیں کوئی پروا نہیں ہے آپ چلیں۔

میر زابد علی ریکی: جناب اسپیکر صاحب! مَیں نے یہ کہا تھا کہ 26-2025ء میں بلوچستان کے بجٹ میں بہبود آبادی کے لیے فنڈ کتنے رکھے ہیں کیا پوزیشن ہے۔ تو جواب میں یہ دیا ہے جناب اسپیکر صاحب۔ 26-2025ء کے بجٹ میں بلوچستان کے کسی بھی ضلع بشمول ضلع واشک میں کوئی بھی ترقیاتی اسکیم منظور نہیں ہوئی ہے البتہ 2017 میں

جناب اسپیکر صاحب! محکمہ بہبود آبادی کی ایک اسکیم منظور ہوئی تھی جس کا پی ایس ڈی پی نمبر 20170132Z جس کی کل لاگت 875.000 ملین ہے۔

جناب اسپیکر: 875.000 ملین ہے۔

میر زابد علی ریکی: یہ 2017ء کا ہے۔ اس کے بعد جناب اسپیکر صاحب! اُس نے دیا ہوا ہے کہ عارضی طور پر بند کر دی گئی تاہم حال ہی میں دوبارہ فعال (Uncapped) کر دی گئی ہے لیکن۔

جناب اسپیکر: Uncapped کر دی گئی ہے۔

میر زابد علی ریکی: جناب اسپیکر صاحب! جواب میں یہ ہے 875 ملین کے بجائے 150 ملین باہر۔

جناب اسپیکر: Uncapped کیا ہے؟

میر زابد علی ریکی: Uncapped کیا ہے جناب اسپیکر صاحب! سوالیہ نشان تو ہے مرکزی تولیدی مرکز صحت (RHS-A) ضلعی دفتر اور فلاحی مراکز کیلئے 170.41 ملین مختص کئے گئے ہیں جس میں سے 25.500 ملین پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے انرجی ڈیپاٹمنٹ کو جاری کئے ہیں۔ جناب اسپیکر صاحب! بات یہ ہے۔

جناب اسپیکر: اِس میں آپ ایک پوائنٹ miss کر گئے ہیں یہ جو 150 ملین uncapped کیے ہیں یہ پورے سال کے لیے پورے صوبے کے لیے۔

میر زابد علی ریکی: پورا صوبے کے لیے جناب اسپیکر صاحب! میں یہی کہہ رہا ہوں ناں۔ یعنی آپ اندازہ لگا دیں ایک محکمہ ہے پاپولیشن آپ یعنی درمیان میں 2018,19, 20 یعنی اِس درمیان میں اِس ڈیپارٹمنٹ کے لئے کوئی بجٹ نہیں رکھا ہے پورا بلوچستان کے حوالے سے میں بات کرر ہا ہوں۔ کوئی اسکیم جناب اسپیکر صاحب! 150 اُن لوگوں نے رکھا ہے باقی uncapped ہوا ہے آخر وجہ کیا ہے؟ ڈیپارٹمنٹ ہے ہر ڈسٹرکٹ میں پاپولیشن کا میں کہتا ہوں آفس بھی ہو جائے وہاں پوسٹیں بھی ہو جائیں وہاں ہر سال ابھی جو آنے والے بجٹ میں ہیں چلیں وہ گزرا والا جو بھی ہو گئے وہ چلے گئے ہیں جو آنے والا بجٹ ہے جناب اسپیکر صاحب! 27-2026ء میں اُس کے لیے محکمہ مجھے بتا دے کیا کرنے والا ہے؟ آئندہ کا لائحہ عمل آپ لوگوں کا کیا ہے؟ کیونکہ جناب اسپیکر صاحب! پاپولیشن کے حوالے سے ابھی دیکھیں جتنے فنڈ ہیں پنجاب میں جا رہے ہیں اِسی پاپولیشن کے حوالے پر جا رہے ہیں جناب اسپیکر صاحب! اگر رقبے کے لحاظ سے حوالے ہو جاتا ہے ناں میں کہتا ہوں پاکستان میں جناب اسپیکر صاحب! آپ کو بڑا جو بجٹ ہے رقبے کے حوالے سے بلوچستان کو پاکستان میں ملتا مگر نہیں ہے۔ میں یہ کہتا ہوں جناب اسپیکر صاحب! یہ محکمہ بہت اہم ہے ہمارے پرنس صاحب بیٹھے ہیں چیف منسٹر صاحب چلے گئے ہیں باقی ہمارے colleagues بیٹھے ہیں کہ اِس محکمے کے حوالے

سے آپ آئندہ کا لائحہ عمل کیا کرنا ہے؟ جو پیسے uncapped ہوئے ہیں اُس کے بارے میں مجھے بریفنگ دی جائے یہ میری بات ہے جناب اسپیکر صاحب! سوال کا۔ پرنس صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی: بہت شکریہ اس میں جی یہ بہت اچھا سوال زابد ریکی صاحب نے اُٹھایا میرے اُستاد بھی ہیں آج سے۔ کاش! اس میں چیف منسٹر صاحب اِدھر موجود ہوتے ہیں اسپیکر صاحب! کیونکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ important محکمہ ہے جس طرح زابد ریکی صاحب نے کہا پنجاب میں سندھ میں کے پی میں اس کی بہت اہمیت ہے اور اِدھر بالکل اِس کو under the shelf کر دیا ہے جب میں نے محکمے کی بریفنگ لی تو 90% non development ہے 10% development ہے تو 10% میں محکمہ کیا کر سکتا ہے؟ کچھ بھی نہیں کر سکتا ہے۔ جہاں 2017ء میں آپ 87.5 کروڑ روپے دے رہے ہیں اور آج 2026ء میں آپ صرف 15 کروڑ روپے دے رہے ہیں تو اُس میں کیا ڈویلپمنٹ ہوگی؟ کیونکہ ساری چیزیں صرف تنخواہوں کی طرف جا رہی ہیں میں اس August House سے یہ request کرتا ہوں اپنے سابقہ چیئرمین سینٹ صاحب! سے بھی کہ اِس میں ہم چیف منسٹر صاحب کے ساتھ ایک میٹنگ کریں اپنے پارٹی کے لحاظ سے کہ اگر یہ محکمہ ہمیں دیا ہے تو اُس میں ہم کچھ کارکردگی کر سکیں اگر کارکردگی ہم نہیں کر سکیں گے تو کل ہماری پارٹی اور ہمارے لیے blame آئے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب اسپیکر: ok۔ تو آپ زابد علی ریکی صاحب کو سیکنڈ کر رہے ہیں۔

پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی: میں نے بالکل یہی کہاں کہ میں اِن کو سیکنڈ کر رہا ہوں اُنہوں نے بہت اہم سوال اُٹھایا ہے۔

میر زابد علی ریکی: یہ پورا بلوچستان کے حوالے پر ہے جناب اسپیکر!۔

جناب اسپیکر: ٹھیک ہے۔

میر زابد علی ریکی: جیسا کہ پرنس صاحب نے کہا کہ 10% یعنی ڈویلپمنٹ کا ہے باقی 90% سارے undevelopment آپ اندازہ لگائیں ایک محکمے کو اِس طرح سر! جناب اسپیکر صاحب! ابھی ex-Chairmen Senate صاحب بھی بیٹھے ہیں ہمارے اور P&D کے منسٹر ظہور صاحب بھی بیٹھے ہیں۔ ظہور صاحب! یہ بہت بلوچستان کے۔۔۔

جناب اسپیکر: اِس پر P&D منسٹر صاحب سے کچھ رائے لے لیتے ہیں۔

میر زابد علی ریکی: جی ہاں سر! اُس سے بھی رائے لے لیں۔

جناب اسپیکر: Minister for P&D please

میرزابدعلی ریکی: یہ آپ بتادیں یہ جو۔

جناب اسپیکر: میں تھوڑا سا آپ کو update کر دیتا ہوں یہ ایک question آیا ہے بہبود آبادی کا، جس میں اِس کی 875 ملین روپے تھے initial جو لاگت اِس کی پھر اِس کو uncapped کر دیا تھا تین چار سال کے لیے اور ابھی recently اِس کو uncapped کیا ہے لیکن 875 میں سے 150 ملین رکھے گئے ہیں پورے صوبے کے لیے question اُنکا یہی ہے کہ اِس پر تھوڑا سا غور وخوض کیا جائے جو initial amount ہے وہ اگر پورے صوبے کے لیے ریلیز ہو تو nothing like that۔

میر ظہور احمد بلیدی (وزیر محکمہ منصوبہ بندی وترقیات): جو کچھ اسکیمات ہیں جو پچھلے ادوار میں یہ محسوس کیا گیا تھا کہ شاید وہ feasible نہیں ہیں یا اُن پر جتنے بھی پیسے ہم خرچ کریں وہ ضائع جائیں گے تقریباً کوئی 2 ہزار سے اُوپر اسکیمات تھیں۔ لیکن جب یہ حکومت بنی اور اس نے دوبارہ review کیا تو اُس میں ایک کمیٹی بنائی گئی چیف سیکرٹری صاحب کی سربراہی میں تو اُس کمیٹی نے ہر اسکیم کو جانچا ہے دیکھا ہے اور definitely اُسکی جو final approval ہے کابینہ نے دی ہے تو جو specific اسکیم کی زاہد صاحب بات کر رہے ہیں اُس کے بارے میں مجھے knowledge نہیں ہے تو میں اِن کے ساتھ بیٹھ جاتا ہوں اُن کی detail اُن کو فراہم کر دوں گا۔

جناب اسپیکر: ٹھیک۔

میرزابدعلی ریکی: جناب اسپیکر صاحب!

جناب اسپیکر: جی ہاں۔

میرزابدعلی ریکی: ظہور صاحب! اگر time دیں گے Monday کو پرنس صاحب ہیں میں ہوں اِسی subject کے حوالے سے Monday کو time دے دیں انشاءاللہ بالکل اُس کو بتا دیں گے پاپولیشن محکمہ ہے ابھی چیف منسٹر صاحب بھی آ گئے ہیں۔

جناب اسپیکر: he agrees

میرزابدعلی ریکی: سی ایم صاحب! وہ بھی میں کہتا ہوں اِس کو غور سے دیکھیں محکمہ ہے یا رڈسٹرکٹ میں ہر جگہ میں یہ لازمی جناب اسپیکر صاحب!۔

پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی: اِس میں اسپیکر صاحب! کیونکہ سی ایم صاحب آئے ہیں میں اُن کے knowledge میں کچھ ڈالنا چاہتا ہوں۔ سی ایم صاحب! تھوڑی دیر پہلے زابد ریکی صاحب نے بڑا اچھا سوال اُٹھایا جس میں اُنہوں نے کہاں کہ 2026 میں 25 میں کیا بجٹ آیا ہے؟ تو اُس میں لازمی بات ہے اِن کے علاقے میں نہیں

آیا 2017ء کی ایک سکیم تھی جس میں 87.5 کروڑ کا پراجیکٹ تھا جو چل رہا تھا بیچ میں capped ہو گیا تھا اور ابھی uncapped ہو گیا ہے تو اِس میں August House کو اور especially آپ سے میں کہنا چاہ رہا ہوں کہ جو ڈیپارٹمنٹ مجھے ملا ہے اُس میں 90 فیصد non development ہے 10 فیصد development ہے تو ہم نے چیئرمین صاحب سے بھی کہا ہے کہ kindly اِس پر ہم ایک میٹنگ کریں گے اور ہم آپ کے پاس بھی وہ لے کر آئیں گے کیونکہ جو پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ ہے پورے پاکستان میں اِس کا importance ہر صوبے میں بہت زیادہ espacially صوبے پنجاب میں جہاں بلوچستان میں اِس حالت میں ہے کہ 90% آپ کے non development میں جا رہے ہیں تو آپ کی تھوڑی سی توجہ چاہوں گا سی ایم صاحب اِس میں۔ Thank you so much جی۔اور زاہد صاحب! بالکل میں اِس میں آپ کے ساتھ ہوں کہ ہم P&D منسٹر صاحب کے ساتھ میٹنگ کریں شکریہ جی۔

جناب اسپیکر: Monday کو minister P&D نے کہا ہے کہ آپ اُن کے ساتھ بے شک میٹنگ کریں تو ساری چیزوں کو دیکھ لیتے ہیں۔ٹھیک ہے۔زابد علی ریکی صاحب! آپ اپنا سوال نمبر 416 دریافت فرمائیں۔

میرزابدعلی ریکی: جی۔

جناب اسپیکر: جی منسٹر for again آغا صاحب۔

میرزابدعلی ریکی: چیف منسٹر، چیف آف بگٹی کیا کہنا چاہتے ہیں سر! (معزز رکن اسمبلی بغیر مائیک کے بول رہے ہیں) میں نے پڑھا نہیں سی ایم صاحب ابھی تک۔

جناب اسپیکر: سی ایم صاحب! ذرا آپ اِس کو بھی address کریں آپ کی غیر موجودگی میں مولانا صاحب نے کہا ہے کہ آپ اسپیکر کی رولنگ کا ڈرامہ بند کریں۔یہ ڈرامہ ہے اور یہ ڈرامہ مجھے تو نہیں کہہ رہا ہے مَیں تو اسپیکر ہاؤس کا ہوں اگر ہاؤس سارا ڈرامہ ہے تو پھر مجھے بھی قابل قبول ہے۔

میرزابدعلی ریکی: نہیں نہیں۔

جناب اسپیکر: یہ ہاؤس اگر ڈرامہ ہے۔(معزز رکن اسمبلی بغیر مائیک کے بولتے رہے) اگر یہ ہاؤس ڈرامہ ہے تو پھر ٹھیک ہے۔(معزز رکن اسمبلی بغیر مائیک کے بولتے رہے) کس کے اُوپر نہیں ہوا ہے؟ سب کے اُوپر ہوا ہے۔۔۔(مداخلت) سب کے اوپر ہوا ہے۔یہ کہنے سے ہاتھ ہلانے سے تو نہیں (معزز رکن اسمبلی بغیر مائیک کے بولتے رہے) ٹھیک ہے میں نے کہا۔ٹھیک ہے میں نے صرف یہ پوائنٹ اُٹھایا ہے کہ آپ نے کہا یہ رولنگ کا ڈرامہ بند کریں تو رولنگ تو ہاؤس کے behalf میں دیتا ہوں اگر ہاؤس ڈرامہ ہے تو مجھے بھی قابل قبول ہے۔۔۔(مداخلت)

جی؟اِس کی مذمت ہونی چاہیے؟ آپ لوگ سب کو کسی کو کرنا چاہیے اِس میں تقریباً؟ جی ظہور بلیدی صاحب آپ کہیں۔

وزیر محکمہ منصوبہ بندی وترقیات: مولانا صاحب اگر دومنٹ اجازت دیں۔اسپیکر صاحب! جوممبران منتخب ہو کے آئے ہیں definitely اُنہوں نے،لوگوں نے منتخب کیا ہے اگر یہ اسمبلی اِتنی بُری ہوتی تو وہ منتخب ہی نہ ہوتے الیکشن ہی contest نہ کرتے اگر یہاں کے ممبر بنے ہیں لوگوں کے مسائل حل کر رہے ہیں تو definitely اسمبلی کا بھی تقدس ہے پورے یہ بلوچستان کی نمائندہ اسمبلی ہے تو میرا خیال یہ ہے کہ اِس معاملے پر چونکہ ہمارے بہت سے جو نئے دوست ہیں ابھی elect ہو کے آئے ہیں کچھ بہت پرانے ہیں تو اُن پر اُن کے جو پارلیمانی جوآداب ہیں یا پارلیمانی جو ہماری روایات ہیں یا جو ہمارا rules of business and procedure جو book ہے اُس کو پڑھانے کے لیے سیشن کرایا جائے اور یہ تقریباً monthly یا fortnightly سیشن ہوتا کہ ہمارے ممبران جائیں جیسے اسمبلی کے تقدس سے اسمبلی میں کیا بولنا ہے کیا نہیں بولنا ہے چونکہ انکے پارلیمانی آداب ہوتے ہیں تو ہمیشہ ہم یہ الفاظ استعمال کرتے ہیں کہ جی پارلیمانی آداب کہتے ہیں تاکہ یہ بات کریں۔تو آداب تو اسمبلی سے نکلے ہیں اگر یہاں ہم بیٹھ کر جو اسمبلی کا custodian ہیں اسپیکر ان کو کوئی ڈرامہ کہہ دے تو میرا خیال سے مناسب نہیں ہے۔۔(ڈیسک بجائے گئے) تمام اراکین ہمارے لئے بڑے قابل احترام ہیں ہم اُن کی عزت کرتے ہیں اُن کو لوگوں نے منتخب کیا ہے۔

جناب اسپیکر: کم ازکم اُن کو تھوڑا سا سیکھنا چاہیے۔ٹھیک ہوگیا۔زاہد علی ریکی صاحب سوال نمبر 416۔

☆**416 میر زاہد علی ریکی، رُکن اسمبلی:** __نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 15 دسمبر 2025ء۔__

کیا وزیر بہبود آبادی از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

محکمہ بہبود آبادی میں گریڈ 16 اور گریڈ 17 کی کل کتنی اسامیاں خالی پڑی ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو گریڈ 16 اور گریڈ 17 کی کل اسامیوں کی تعداد بتلائی جائے اور یہ خالی اسامیاں بلوچستان کے کن کن اضلاع میں خالی ہے۔نیز یہ بھی بتلائی جائے کہ مذکورہ خالی اسامیاں بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو پر کرنے کے لیے ارسال کی ہیں تمام اسامیوں کی مکمل تفصیل دی جائے؟

وزیر بہبود آبادی: جواب موصول ہونے کی تاریخ 13 فروری 2026ء۔

محکمہ بہبود آبادی میں گریڈ 16 اور گریڈ 17 کی کل اسامیاں اور خالی اسامیوں کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

میر زاہد علی ریکی: جناب اسپیکر صاحب!اِس سوال سے مطمئن ہے سر۔

جناب اسپیکر: its okay زاہد علی ریکی صاحب۔مطمئن ہے disposed off۔مولوی نوراللہ صاحب! آپ اپنا سوال نمبر 400 دریافت فرمائیں؟

مولوی نوراللہ: میرا سوال بہبود آبادی کے متعلق بھی ہے اور معدنیات کے حوالے سے بھی ہے۔

جناب اسپیکر: آپ کے سارے questions آئے ہوئے ہیں one by one میں آؤں گا آپ پہلے سوال نمبر 400 دریافت فرمائیں؟

☆400 **مولوی نوراللہ، رُکن اسمبلی:** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 18 نومبر 2025ء۔

کیا وزیر بہبود آبادی از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018ء سے 2025ء تک ضلع قلعہ سیف اللہ میں کتنی تعیناتیاں ہوئی ہیں۔ تعینات ہونے والے ملازمین کے نام مع ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، جائے تعیناتی اور ایڈریس کی مکمل تفصیل دی جائے؟

وزیر بہبود آبادی: جواب موصول ہونے کی تاریخ 09 مارچ 2026ء۔

اس ضمن میں جواباً عرض ہے تعیناتیاں صوبائی سطح پر کی جاتی ہیں ضلعی آفس قلعہ سیف اللہ کا کوئی کردار نہیں ہے صوبائی سطح پر ٹیکنیکل کیڈر جسکے لیے 24 ماہ کا ڈپلومہ درکار ہے 2018ء سے 2025ء تک صوبائی سطح پر ان اہلکاروں کی تعیناتیاں کی گئی ہیں تفصیل ذیل ہیں:۔

(الف) فیملی ویلفیئر ورکر

نمبر شمار	نام	ولدیت/ زوجہ	عہدہ	شناختی کارڈ نمبر	لوکل	مقام تعیناتیاں
1	نبیلہ بی بی	خدائیداد	فیملی ویلفیئر ورکر	5620281209240	قلعہ سیف اللہ	فیملی ہیلتھ کلینک
2	ساجدہ بی بی	سلیمان شاہ	فیملی ویلفیئر ورکر	5650309584322	ژوب	فلاحی مرکز مسلم باغ
3	سہرش	صدام حسین	سپروائزر	5440000550000	ژوب	فیملی ویلفیئر قلعہ سیف اللہ
4	بی بی زاہدہ	عزیز اللہ	فیملی ویلفیئر ورکر	5620298122348	قلعہ سیف اللہ	فلاحی مرکز کان مہترزئی

(ب) صوبائی سطح پر وفات پانے والے ملازمین کے لواحقین کوٹے پر صوبائی سطح پر دو اہلکاروں کی بھرتیاں کی گئی ہیں تفصیل ذیل ہے:۔

نمبر شمار	نام	ولدیت	عہدہ	شناختی کارڈ نمبر	لوکل	مقام تعیناتیاں
1	عرفان اللہ	شمس اللہ	جونیئر کلرک	5620122730979	قلعہ سیف اللہ	ضلعی آفس قلعہ سیف اللہ

2	روبینہ کاکڑ	مرجان	فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ (فی میل)	5620214620116	قلعہ سیف اللہ	فیملی ہیلتھ کلینک

(پ) اسکے علاوہ صوبائی سطح پر بھرتی کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں ذیل اُمیدواران کی تعیناتیاں عارضی طور پر کی گئی ہیں تفصیل ذیل ہے:۔

کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر (کنٹریکٹ)

نمبر شمار	نام	ولدیت/زوجہ	عہدہ	شناختی کارڈ نمبر	لوکل	مقام تعیناتیاں
1	طاہرہ عطا	عطا محمد	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620261350250	قلعہ سیف اللہ	کان مہترزئی
2	فاریہ آمین	آمین اللہ	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620162055146	ایضاً	قلعہ سیف اللہ
3	عائشہ بی بی	میرولی	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620126615684	ایضاً	قلعہ سیف اللہ
4	بی بی رخسانہ	عصمت اللہ	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620298069244	ایضاً	مسلم باغ
5	نسیمہ بی بی	رقیب اللہ	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620116977298	ایضاً	قلعہ سیف اللہ
6	بی بی حسینہ	عبدالسلام	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620233210622	ایضاً	مسلم باغ

7	نصیب جمالا	مہراب خان	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620172186420	ایضاً	قلعہ سیف اللہ
8	حمیدہ بی بی	عبدالقادر	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620176956250	ایضاً	قلعہ سیف اللہ
9	رومیسہ فیض	زین اللہ	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620186474222	ایضاً	قلعہ سیف اللہ
10	بی بی زوبیدہ	طارق عزیز	کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ورکر	5620145849174	ایضاً	قلعہ سیف اللہ

معاون کنٹریکٹ۔

نمبر شمار	نام	ولدیت/زوجہ	عہدہ	شناختی کارڈ نمبر	لوکل	مقام تعیناتیاں
1	رحمت اللہ	ملک محمد خان	معاون	5620110065529	قلعہ سیف اللہ	قلعہ سیف اللہ
2	احسان اللہ	عبدالرزاق	معاون	5620189091137	قلعہ سیف اللہ	قلعہ سیف اللہ
3	احسان اللہ	ولی محمد	معاون	5620178666643	قلعہ سیف اللہ	قلعہ سیف اللہ
4	جمعہ رحیم	بہادر خان	معاون	5620184842829	قلعہ سیف اللہ	قلعہ سیف اللہ
5	نجیب اللہ	خدا فضل	معاون	5620198158957	قلعہ سیف اللہ	قلعہ سیف اللہ

کمپیوٹر آپریٹر (کنٹریکٹ)۔

نمبر شمار	نام	ولدیت/زوجہ	عہدہ	شناختی کارڈ نمبر	لوکل	مقام تعیناتیاں
1	آزاد خان	مہردین	کمپیوٹر آپریٹر	5620114050211	قلعہ سیف اللہ	قلعہ سیف اللہ

مولوی نوراللہ: بہبود آبادی کے متعلق جو میرا سوال ہے یہ تو میں نے نومبر میں جمع کیا تھا ابھی جواب آیا ہے میں مطمئن ہوں یا نہ ہوں میں بھول گیا ہوں کہ میرا سوال کیا تھا ابھی دوبارہ پڑھنا ہوگا پھر اُس کے بعد ابھی منسٹر صاحب کی خاطر میں مطمئن ہوں۔

جناب اسپیکر: ٹھیک ہو گیا مولوی صاحب۔ آپ کے سارے سوالوں کو defer کرتے ہیں آپ اُنکو پڑھ کر آئیں پھر انشاءاللہ دوبارہ لائیں گے۔

مولوی نور اللہ: نہیں سارے نہیں معدنیات کے حوالے سے سوال ہے۔

جناب اسپیکر: آپ مطمئن ہیں dispose off کرتے ہیں ۔سوال نمبر 400، سوال نمبر 401، سوال نمبر 402، سوال نمبر 403 یہ سارے محکمہ۔۔۔

پرنس احمد عمر احمدزئی (پارلیمانی سیکرٹری محکمہ بہبود آبادی): سر! مولوی صاحب جو ہے وہ صرف population کا کہہ رہے ہیں۔

جناب اسپیکر: جی وہ الگ ہے۔ dispose off کیے جاتے ہیں۔

☆**402 مولوی نور اللہ، رُکن اسمبلی:** __نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 18 نومبر 2025ء۔__

کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

محکمہ بہبود آبادی نے ضلع قلعہ سیف اللہ سال 2025ء میں جو تعیناتیاں ہوئی ہیں کی مکمل تفصیل دی جائے؟

وزیر بہبود آبادی: جواب موصول ہونے کی تاریخ 09 مارچ 2026ء۔

مولوی نور اللہ: جواب نفی تصور کیا جائے۔

☆**403 مولوی نور اللہ، رُکن اسمبلی:** __نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 18 نومبر 2025ء۔__

کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018ء سے 2025ء تک ضلع قلعہ سیف اللہ میں محکمہ ہذا کی جانب سے ترقیاتی وغیر ترقیاتی فنڈ کا طے شدہ طریقہ کار کیا ہے کی تفصیل دی جائے:

وزیر بہبود آبادی: جواب موصول ہونے کی تاریخ 09 مارچ 2026ء۔

سال 2018ء تا 2025ء ترقیاتی بجٹ کی مد میں محکمہ بہبود آبادی ضلع قلعہ سیف اللہ فنڈ ضلعی سطح پر فراہم نہیں کی گئی اور نہ ہی محکمہ میں ترقیاتی اخراجات ہوئے ہیں۔

ضلعی آفس بہبود آبادی قلعہ سیف اللہ کو غیر ترقیاتی بجٹ فراہم کیا گیا ہے سالانہ تفصیل 2018ء تا 2025ء ذیل ہے:۔

1) 2018-19 مبلغ -/Rs:1240500 بجٹ جاری ہوا ہے۔

2) 2019-20 مبلغ -/Rs:2323900 بجٹ جاری ہوا ہے۔

3) 2020-21 مبلغ -/Rs:2428000 بجٹ جاری ہوا ہے۔

4) 2021-22 مبلغ-/Rs:2526000 بجٹ جاری ہوا ہے۔

5) 2022-23 مبلغ-/Rs:126000 بجٹ جاری ہوا ہے۔

6) 2024-2023 مبلغ-/Rs:1878900 بجٹ جاری ہوا ہے۔

7) 2025-2024 مبلغ-/Rs:2087500 بجٹ جاری ہوا ہے۔

واضح ہو کہ مذکورہ بالا رقم / بجٹ پر مختلف ٹیکسز کی مد میں BST15%GST.918%/انکم ٹیکس 5.50% میں کٹوتی کی گئی ہے۔

1) 2018-19 مبلغ-/Rs:1240500 بجٹ جاری ہوا ہے۔

2) 2019-20 مبلغ-/Rs:2323900 بجٹ جاری ہوا ہے۔

3) 2020-21 مبلغ-/Rs:2428000 بجٹ جاری ہوا ہے۔

4) 2021-22 مبلغ-/Rs:2526000 بجٹ جاری ہوا ہے۔

5) 2022-23 مبلغ-/Rs:126000 بجٹ جاری ہوا ہے۔

6) 2024-2023 مبلغ-/Rs:1878900 بجٹ جاری ہوا ہے۔

7) 2025-2024 مبلغ-/Rs:2087500 بجٹ جاری ہوا ہے۔

واضح ہو کہ مذکورہ بالا رقم / بجٹ پر مختلف ٹیکسز کے مد میں BST15%GST.918%/انکم ٹیکس 5.50% میں کٹوتی کی گئی ہے۔

جناب اسپیکر: زاہد علی ریکی صاحب! آپ اپنا سوال نمبر 150 محکمہ معدنیات سے متعلق دریافت فرمائیں۔

میر زاہد علی ریکی: سوال نمبر 150

☆150 میر زاہد علی ریکی رُکن اسمبلی <u>نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 16 دسمبر 2024ء۔</u>

کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ مورخہ 17 نومبر 2025 کو موخر شدہ۔

سال 2018ء تا 2024ء کے دوران حکومت نے ضلع واشک، ضلع پشین، ضلع موسیٰ خیل، ضلع قلعہ سیف اللہ، ضلع قلعہ عبداللہ اور ضلع چمن سمیت صوبہ کے دیگر اضلاع میں پی پی ایل کمپنی کو الاٹمنٹ کیے ہیں اگر جواب اثبات میں ہے تو پی پی ایل کمپنی کو الاٹ کی گئی زمین کا رقبہ / ایکڑ کی مکمل ضلعوار تفصیل دی جائے؟

وزیر معدنیات: جواب موصول ہونے کی تاریخ 6 مارچ 2025ء۔

حکومت بلوچستان کے محکمہ معدنیات و معدنی ترقی نے سال 2018ء سے 2024ء کے دوران پاکستان پیٹرولیم

(پی پی ایل) کو کوئی معدنی لائسنس یا لیز جاری نہیں کی تاہم بولان مائننگ انٹر پرائزز جو پی پی ایل اور حکومت بلوچستان کا 50:50 کا مشترکہ منصوبہ ہے کو ضلع خضدار میں بیرایٹ لیڈ اور زنک کیلئے ایک بڑے پیمانے پر کان کنی کی لیز دی گئی یہ مائننگ لیز 30 مربع کلومیٹر کے رقبے پر دی گئی ہے جہاں بولان مائننگ انٹر پرائزز نے پہلے کامیاب ایکسپلوریشن کی تھی مزید براں پچھلے سالوں کے دوران ضلع چاغی میں لوہے کیلئے دو معدنی لیز جو پی پی ایل کو دی گئی تھیں ایک بارائٹ ڈسٹرکٹ خضدار میں بی ایم ای کو دی گئی تھی کی تفصیل ضخیم ہے لہٰذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔

میر زابد علی ریکی: شعیب جان اِدھر ہے یا نہیں؟

جناب اسپیکر: میرے خیال سے آپ کی اُس سے بات بھی ہوئی تھی اور اُن کی چھٹی کی درخواست بھی آئی ہے چونکہ وہ کوئٹہ سے out ہیں تو آپ دیکھ لیجئے گا محکمہ معدنیات ہمارے منسٹر فنانس کے پاس ہے۔

میر زابد علی ریکی: سر! ٹھیک ہے defer کریں۔

جناب اسپیکر: سوال نمبر 150۔سوال نمبر 333۔سوال نمبر 176۔سوال نمبر 342۔سوال نمبر 343 defer کیئے جاتے ہیں next session تک۔وقفہ سوالات ختم۔جی پلیز سی ایم صاحب!

میر سرفراز احمد بگٹی (جناب قائد ایوان): آنریبل اسپیکر صاحب! میں آپ کے توسط سے آنریبل ممبرز آف دی اپوزیشن اور تمام سے ریکوئسٹ کرتا ہوں کہ میری بہت ایک important commitment ہے جو سرکاری کارروائی ہے not more then five minutes یہ کر لینے دیں تاکہ میں اپنی وہ commitment جا کے کرلوں۔تو اُس کے بعد پھر اگر یہ باقی چیزیں ہو جائیں۔۔۔

مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ: ہماری ایک شرط ہے کہ آپ کے وزراء پھر نہیں جائیں گے۔

جناب قائد حزب اختلاف: آپ کے وزراء پھر جائیں گے۔اگر کوئی غیر حاضر ہو گیا ہم آپ کو بتائیں گے۔

جناب قائد ایوان: جی میں وزراء کرام کو ہدایت دے کر جا رہا ہوں تمام وزراء میں سے کوئی بھی باہر نہیں جائے گا۔ مجھے بتائیں میں اُنکی تنخواہ بند کروں گا ٹھیک ہے۔تو I request House سے یہ کرتا ہوں کہ اگر اجازت دے دیں پلیز۔آپ پہلے سرکاری کارروائی کریں۔

جناب اسپیکر: okay okay please. سرکاری کارروائی برائے قانون سازی زیرِ قاعدہ نمبر 24 قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء۔

جناب اسپیکر: **قائمہ کمیٹی برمحکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی رپورٹ بر بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی کا (ترمیمی) مسودہ قانون مصدرہ 2025ء (مسودہ قانون نمبر 39 مصدرہ 2025ء) کا پیش و منظور کیا جانا۔**

